کتابیں پڑھنے کے وقت کے لیے تجاویز

مل کر اونچی آواز سے پڑھنا کوئی مشکل کام نہیں ہے۔ بچے کی پسند کی کوئی کتاب ڈھونڈیں، آرام سے بیٹھ جائیں اور پڑھنا شروع کر دیں! لیکن اگر آپ پڑھنے کے وقت سے اور بھی زیادہ فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں تو اس کے لیے کچھ اچھی تجاویز یہ ہیں

- روزمرّہ کے معمول میں اونچی آواز سے پڑھنے کو شامل کر لیں

بستر کے کنارے ایک اچھی کتاب کے ساتھ دن کا اختتام کرنا، اکٹھے دن کا اختتام کرنے کا پیار بھرا طریقہ ہے۔

- پڑھنا شروع کرنے سے پہلے کتاب کے متعلق باتیں کریں

بچے میں توقع ابھاریں! آپ کے خیال میں یہ کتاب کس بارے میں ہے؟ تصویریں دیکھیں، سوال پوچھیں اور مل کر خوشگوار حیرت محسوس کریں۔

- کتاب میں جو ہو رہا ہو، اس کے بارے میں باتیں کرتے جائیں

باتیں کرنے سے بچے کو بآواز سوچنے کی ترغیب ملتی ہے اور آپ کو بچے کی زبان، خیالات اور دریافتوں کا علم ہوتا ہے۔ بچے کے تبصرے سنیں اور ان کے متعلق مزید بات کریں، بجائے یہ سوچنے کے کہ آپ کے پاس سارے جواب ہونا ضروری ہے۔

- لائبریری جائیں

دریافت کے سفر پر نکلیں اور لائبریری کے اہلکاروں سے بات کریں! ضرور وہ آپ کو کتابوں کے لیے اچھی تجاویز دے سکتے ہیں۔

- بچے کے بہن بھائیوں کو کتابیں پڑھ کر سنانے دیں

کیا بچے کے بڑے بہن بھائی ہیں؟ جو بچے پڑھنا سیکھ چکے ہوں، انہیں کسی چھوٹے بھائی یا بہن کے لیے پڑھنے سے خوشی اور کامیابی کا احساس ہوتا ہے۔ وقت کی کمی کا حل: شاید یہ اچھا رہے گا کہ بچے اپنا پڑھنے کا ہوم ورک اونچی آواز سے پڑھیں؟

Norwegian Reading Centre
National Centre for Reading Education and Research
University of Stavanger

E-post: lesesenteret@uis.no
lesesenteret.no ای میل:

Norwegian Reading Centre
National Centre for Reading Education and Research
University of Stavanger

Urdu

بچوں کے لیے کتابیں پڑھیں

پڑھنے سے بچے دنیا کے متعلق سیکھتے ہیں

بچوں کو پڑھنا شروع کرنے سے پہلے اس وقت تک انتظار نہ کریں جب تک کہ ان کے پاس زبان نہ ہو۔ بچوں کو پڑھیں تاکہ وہ اچھی زبان سیکھیں

کتابوں میں ہمیں عام بول چال سے مختلف فقرے اور الفاظ ملتے ہیں۔ ہم ایسے واقعات پڑھتے ہیں جو خود ہمارے ساتھ نہیں ہوتے۔ اس لیے بچوں کو زیادہ بھرپور زبان سے واسطہ پڑتا ہے اور اس طرح بچے دنیا کو سمجھ سکتے ہیں اور خود اپنے تجربات کو الفاظ میں بیان کر سکتے ہیں۔

بچوں کے لیے کتابیں پڑھنے کے لیے اس انتظار کی ضرورت نہیں ہے کہ بچہ بولنا شروع کر لے۔ بچوں کے لیے اس طرح کتابیں پڑھیں کہ انہیں اچھی زبان مہیا ہو!

جن بچوں کو کتابیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں، ان کی زبان بہتر ہوتی ہے

اچھا ذخیرۂ الفاظ اور زبان کی اچھی فہم سیکھنے کے لیے اہم ہے۔ تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ جن بچوں کے لیے ۲ سال کی عمر سے پہلے کتابیں پڑھی جا رہی ہوں، وہ سکول کے آغاز پر ان بچوں کی نسبت زیادہ الفاظ جانتے ہیں جن کے لیے کتابیں پڑھنے کا آغاز جلد نہیں کیا گیا۔ اس لیے آپ اپنے بچے کے لیے جو اہم ترین کام کر سکتے ہیں، ان میں کتابیں پڑھ کر سنانا شامل ہے۔

مل کر پڑھنا لاڈ اور قربت ہے

جب ہم کتاب پڑھتے ہیں تو ہم ایک دوسرے کے بالکل قریب بیٹھتے ہیں، ہماری توجہ ایک ہی چیز کی طرف ہوتی ہے اور ہم مل کر ایک احساس سے گزرتے ہیں۔ بچوں کو سونے کے لیے لٹاتے ہوئے ان کے ساتھ پڑھنے کا معمول بنا لیں۔

ایک ہی کتاب کو بار بار پڑھنے کی خوشی

کیا آپ کے بچے کی کوئی محبوب کتاب ہے؟ ایک ہی کتاب کو بار بار پڑھنے سے بچوں کو کتاب پر عبور حاصل ہونے کا احساس ملتا ہے: !مجھے پتہ ہے کہ آگے کیا ہونے والا ہے! مجھے یہ کتاب یاد ہے دہرانے سے بچوں کو کتاب کے مختلف پہلوؤں کی طرف توجہ دینے کا موقع ملتا ہے: مواد، خاکے، کردار، حرکت اور زبان۔ یہ سب ایک ایسے معاشرے میں پلنے والے بچوں کے لیے اہم معلومات ہیں جہاں تحریر اور زبان کو مرکزی اہمیت حاصل ہے۔

پڑھنا + کھیل = سنگ سنگ

کتابوں کی دنیا سے تخیّل اور بچے کی تخلیقی اور اختراعی کائنات کی نشوونما ہوتی ہے۔